# احادیث و سنن رسول ﷺ

# مومنین کے لئے خوشخبری

Whatsapp پر دینی معلومات جیسے کہ عقائد،

اخلاقیات، درس قرآن

فقہی مسائل، "خواتین کے مخصوص مسائل"

وظیفے، میمبرز کے فقہی سوالات، جو وہ الگ سے پوچھ سکتے

ہیں

کلماتِ امیرالمومنینؑ از نہج البلاغہ، احادیث معصومینؑ

ہر مناسبت کے حوالہ سے اعمال

دعائیں اور دیگر دینی معلومات حاصل کرنے کے لئے قرآن و

عترت کے گروپ کو جوائن کریں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے گروپ میں شامل ہونے
کے لئے ان میں سے کسی ایک پر کلک کریں۔
تمام گروپ میں مشترکہ نشریات بھیجی جاتی ہیں اسلئے ایک
سے زائد گروپ میں شامل نہ ہوں تاکہ دوسری بھی شامل ہو
کر استفادہ کر سکیں۔

قرآن و عترت اکیڈمی کے دینی ویڈیوز Youtube پر دیکھنے

کے لئے ہمارے Youtube channel کو Subscribe کریں

اسلامی گرافکس کے لئے Instagram پر Follow کریں

اور ہماری Facebook Page کو Like کریں




# بدترین انسان کون

سب سے بدتر شخص وہ ہے. جو اپنی آخرت اپنی دنیا کے لئے بیچ دے اور اس سے بھی بدتر وہ شخص ہے. جو اپنی آخرت دوسرے کی دنیا کے بدلے میں بیچ دے۔

(بحارالانوار ج۷۷ ص۴۶)

QURANOITRATACADEMY




# سب سے بڑی نیکی

ہر نیکی کے اوپر ایک نیکی ہے یہاں تک کہ کوئی راہ خدا میں شہید ہو جائے جب وہ راہ خدا میں قتل کر دیا جائے تو (یہ ایسی نیکی ہے کہ) اس کے اوپر کوئی نیکی نہیں ہے۔

(بحارالانوار ج۱۰۰ ص۱۰)

QURANOITRATACADEMY




# دسترخوان کے آداب

منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تواضع اور انکساری کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھتے تھے، اپنا وزن اپنے بائیں پہلو پر ڈالتے تھے اور کھانا کھاتے وقت کسی چیز سے ٹیک نہیں لگاتے تھے، اللہ کے نام سے شروع کرتے اور لقموں کے درمیان بھی اللہ کو یاد کرتے اور اس کا شکریہ ادا کرتے تھے۔

بحار الانوار، ج۱۶، ص۲۳۶

QURANOITRATACADEMY




# بیٹھنے کے آداب

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بیٹھنے کے لیے کسی مخصوص جگہ کا انتخاب نہیں کرتے تھے اور کوشش کرتے تھے کہ مجلس میں جہاں جگہ مل جاتی وہاں بیٹھ جاتے چاہے دروازے کے پاس ہی جگہ مل جائے۔ آپ نہیں چاہتے تھے کہ اٹھتے یا بیٹھتے وقت کوئی آپ کے احترام کے لیے کھڑا ہو۔ آپ اس بارے میں فرماتے تھے: جو شخص یہ چاہتا ہے کہ دوسرے اس کے احترام میں کھڑے ہوں اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

بحار الانوار، ج۱۶، ص۱۵۲

QURANOITRATACADEMY




# دوسروں کا احترام کرنا

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب بھی کسی کے ساتھ مصافحہ کرتے تھے تو جب تک سامنے والا اپناہاتھ پیچھے نہ کرلے آپ اپناہاتھ اس کے ہاتھ سے پیچھے نہیں کھینچتے تھے۔ کوئی بھی اگر کوئی کام آپ کے سپرد کرتا تھا تو آپ اس کو فوراانجام دیتے تھے مگر یہ کہ وہ خود اس سے منصرف ہوجائے۔ جب آپ کسی سے گفتگو کرتے تھے تو جب تک سامنے والا خود خاموش نہ ہوجائے آپ سے محو گفتگو رہتے تھے اور کبھی بھی یہ نہیں دیکھا گیا کہ آپ کسی دوسرے کے پاس پاوں پھیلا کر بیٹھے ہوں۔

درس زندگی، حمید رضا کفاش، ص ۲۰

QURANOITRATACADEMY




# والدین کا احترام

ایک آدمی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا: یارسول اللہ ! میں نے قسم کھائی ہے کہ جنت کے دروزے اور حور العین کی پیشانی کا بوسہ لوں۔ لہذا کیا کروں؟ آنحضرت نے فرمایا: اپنی ماں کے پیروں اور باپ کی پیشانی کا بوسہ لو۔ [یعنی اگر ایسا کرو گے تو اپنی مراد کو پہنچ جاو گے] اس نے کہا: اگر والدین مر چکے ہوں تو کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: ان کی قبروں کا بوسہ لو۔

اصول اخلاقی اماماں، ص۷۹

QURANOITRATACADEMY




# مومن کا احترام

رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے خانہ کعبہ کی طرف نگاہ کر کے فرمایا:

خوش نصیب ہے تو اے گھر! جسے عظیم سمجھا جاتا ہے اور جس کا احترام کیا جاتا ہے۔ خدا کی قسم مومن اللہ کے نزدیک تجھ سے زیادہ محترم ہے اس لیے کہ خداوند عالم نے تیرے لیے ایک چیز کو حرام کیا ہے وہ یہ کہ تیرے پاس قتل وغارت حرام ہے۔ لیکن مومن کے لیے تین چیزوں کو حرام کیا ہے مومن کی جان، اس کا مال، اور اس کی نسبت برا گمان کرنا حرام قرار دیا ہے۔

سفینۃ البحار، مادہ امن

QURANOITRATACADEMY




# کام کی اہمیت

ابن عباس کہتے ہیں: رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جب کسی شخص سے ملاقات کرتے تھے تو سب سے پہلے اس سے اس کے مشغلے اور کام کے بارے میں سوال کرتے تھے، اگر وہ کہتا تھا کہ بیکار ہوں تو آپ فرماتے تھے: میری نظروں سے گر گئے ہو۔ اور جب اس کی وجہ معلوم کی جاتی تھی تو فرماتے تھے: جب مومن بیکار ہو جاتا ہے تو مجبوراً اپنے دین کا اپنے معاش سے سودا کرتا ہے۔

بحار الانوار، ج ۱۰۰، ص ۹

QURANOITRATACADEMY



# انصاف

جب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عمر مبارک سات سال تھی تو ایک دن آپ نے اپنی دائی حلیمہ سعدیہ سے پوچھا : میرے بھائی کہاں ہیں [ چونکہ آپ جناب حلیمہ کے گھر میں رہتے تھے اور جناب حلیمہ کے بیٹوں کو اپنا بھائی سمجھتے تھے ] حلیمہ نے جواب دیا: بیٹا! وہ ان بھیڑ بکریوں کو لے کر چرا گاہ گئے ہیں جنہیں خداوند عالم نے آپ کے وجود کی برکت سے ہمیں عطا کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: مادر گرامی! آپ نے میرے سلسلے میں انصاف سے کام نہیں لیا۔ ماں نے پوچھا : کیوں ؟ فرمایا: کیا مناسب ہے کہ میں گھر کی چھت کے سائے میں رہوں اور دودھ پیوں جبکہ میرے بھائی جنگلوں اور صحراؤں کی تپتی دھوپ میں جائیں؟

بحار الانوار، ۳۷۶/۱۵

QURANOITRATACADEMY



# بچوں کو اہمیت دینا

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ مسلمانوں کے ساتھ نماز ظہر جماعت سے پڑھ رہے تھے، لیکن معمول کے برخلاف آنحضرت نے آخری دو رکعتوں کو بہت جلدی تمام کردیا۔ نماز کے بعد لوگوں نے آپ سے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا ہوا؟ کوئی حادثہ پیش آیا ہے کہ اتنا جلدی نماز تمام کردی؟ آپ نے فرمایا: " ما سمعتم صراخ الصبی" تم نے بچے کے رونے کی آواز نہیں سنی تھی؟

فروع کافی، ج۶، ص۴۸۔

QURANOITRATACADEMY